Ref: GSPL/PR/03/25/018
Date: 17/03/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

صحت، حفاظت، ماحولیات: ضیاء الدین یونیورسٹی اور گروسیف کا معاہدہ

کراچی: ضیاءالدین یونیورسٹی اور گروسیف کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوگئے ہیں، جس کے تحت دونوں ادارے کیمپس میں صحت، حفاظت وماحولیات (ایچ ایس ای) کے حوالے سے ایک جامع پلان پرعملدرآمد کریں گے۔

اشتراک میں گروسیف کی جانب سے پورے کیمپس میں بین الاقوامی معیار کے مطابق گیپ اسسمنٹ اورایک مربوط و منظم نظام کے قیام کے علاوہ انجینئرز کی تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔ گروسیف کے ماہرین جامعہ کو فائر ہائڈرنٹ اور سپریشن سسٹم کے ڈیزائن، انسٹالیشن، کمشننگ اور سالانہ مٹینینس، اور فائر سلنڈرز کی ری فلنگ، فائر لوڈ کیلکولیشن، توانائی کی بچت کے لیے سرویز، لکسَ مانیٹرنگ، نوائز لیول سروے، پی پی ای کے حوالے سے رہنمائی اور تربیت و مشاورت فراہم کریں گے۔

مزید یہ کہ ادارہ، جامعہ کے تمام شعبہ جات کے لیے ایچ ای سی کا نصاب اور متعلقہ تربیت مہیا کرے گا اوریوں حفاظتی ماحول، خصوصی کورسزاورسماجی نظام کے ذریعے ہائر ایجوکیشن کمیشن میں بہتر رینکنگ کے حصول کی کوشش کی جائے گی۔

گروسیف سماجی میڈیا پر جامعہ کی اس سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کو ترویج بھی دے گا۔

دوسری جانب جامعہ اپنی سہولیات اور مہارت کا استعمال کرتے ہوئے تحقیقی منصوبوں پر اشتراک اور ایچ ای سی سے متعلق ورکشاپس، کانفرنسز اور سیمینارز کا انعقاد کرے گی، جس کا مقصد معلومات پھیلانا اور شعبے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو قریب لانا ہوگا۔

اس کے علاوہ انٹرنشپ اور پراجیکٹس کی بنیاد پر اشتراک کا اہتمام بھی کیا جائے گا، جبکہ گروسیف کے اقدامات اور پراجیکٹس کو شعبۂ انجینئرنگ، سائنسی علوم اور مینجمنٹ کے ذریعے تقویت دی جائے گی۔

جامعہ خصوصی تعلیمی ماڈیولزاور سرٹیفکیشن پروگرامز کا اجراء اور کمپنی کے اقدامات کی تشہیر اپنے سماجی میڈیا، نیوزلیٹرز و پروگرامات کے ذریعے کرے گی۔ گروسیف کے جامعہ کے لیے بنائے گئے نصاب کے لیے شعبہ جاتی مدد اور تصدیق فراہم کی جائے گی۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe